© rasailojaraid.com

# الجہاد فی الاسلام

تالیف ابوالاعلیٰ مودودی

مسئلہ جہاد اسلام کے ان مسائل میں سے ہے جن پر مخالفین نے سب سے زیادہ طعن کیا ہے، اور بدقسمتی سے اسلام کے وکیلوں نے بھی دشمنوں کے حملوں سے مرعوب ہو کر سب سے زیادہ اسی مسئلہ میں قطع و برید کی ہے۔ اب تک کسی زبان میں ایسی کوئی کتاب موجود نہ تھی جس میں جہاد کے متعلق اسلام کی صحیح تعلیم کو قرآن پاک اور سنت رسول کے مطابق شرح و بسط کے ساتھ پیش کیا گیا ہو اور دوسرے مذاہب اور اقوام کے قوانین جنگ سے اسلام کے قوانین جنگ کا مقابلہ کر کے اسلامی قوانین کی فضیلت ثابت کی گئی ہو۔ "**الجہاد فی الاسلام**" اسی کمی کو پورا کرنے کے لئے لکھی گئی ہے۔ مختصر فہرست مضامین حسب ذیل ہے۔

**اسلامی جہاد کی حقیقت** | اس میں بتایا گیا ہے کہ قرآن مجید کی تعلیم جہاد کن اہم حقائق پر مبنی ہے، اور نظام تمدن میں جہاد فی سبیل اللہ کی کیا اہمیت ہے۔

**مدافعانہ جنگ** | اس میں بتایا گیا ہے کہ قرآن نے کن کن اغراض کے لئے دفاعی جنگ کے احکام دیے ہیں اور وہ کس قدر حق بجانب ہیں۔

**مصلحانہ جنگ** | اس میں اصلاحی جنگ کے متعلق اسلام کے اصول کی پوری تشریح کی گئی ہے اور ان تمام مسائل کو صاف کر دیا گیا ہے جن میں بکثرت لوگوں کو غلط فہمیاں ہوئی ہیں۔

**اشاعت اسلام اور تلوار** | دعوت و تبلیغ کے متعلق اسلام کے اصول کی تشریح کر کے بتایا گیا ہے کہ اشاعت اسلام میں تلوار کی کیا حیثیت ہے۔

**قوانین جنگ** | اسلام سے پہلے دنیا میں جنگ کے جو وحشیانہ طریقے رائج تھے، ان کو بیان کرنے کے بعد تفصیل کے ساتھ بتایا گیا ہے کہ اسلام نے کس طرح ان کی اصلاح کی اور جنگ کے لئے مہذب قوانین بنائے۔

**جنگ دوسرے مذاہب میں** | جنگ کے متعلق ہندو مذہب، یہودی مذہب، بودھ مت اور مسیحیت کے اصول و تعلیمات کی تشریح اور اسلام سے ان کا مقابلہ۔

**جنگ تہذیب جدید میں** | مغربی تہذیب کے بین الاقوامی قوانین کا مفصل بیان اور اسلامی قوانین سے ان کا مقابلہ۔

ضخامت ۵۰۰ صفحات **قیمت** (للعہ) انگریزی (للعہ) سکۂ عثمانیہ

## دفتر ترجمان القرآن سے طلب فرمائیے

© rasailojaraid.com